# نیوز ریلیز

**وزیر خزانہ آلیور نے روزگار، ترقی اور حفاظت کے لیے متوازن بجٹ اور کم ٹیکس کا پلان پیش کر دیا**

۲۰۱۵ کا اکنامک ایکشن پلان روزگار اور ترقی کو فروغ دے گا، خندانوں اور کمیونیٹیز کو خوشحال بنائے گا اور کینیڈا کے شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنائے گا۔

۲۱ اپریل ۲۰۱۵ اوٹاوہ، اونٹاریو وزارت خزانہ

آج وزیر خزانہ جو آلیور نے ۲۰۱۵ کا اکنامک ایکشن پلان پیش کیا، ہارپر حکومت کا متوازن بجٹ اور کم ٹیکس والا روزگار، ترقی اور تحفظ کا منصوبہ۔ ۲۰۱۵ کا اکنامک ایکشن پلان:

- **ہارپر حکومت کے ۲۰۱۵ کے بجٹ کو متوازن بنانے کے وعدے کو پورا کرے گا۔** یہ حکومت کینیڈا کے شہریوں پر وفاقی ٹیکس کے بوجھ کو پچھلی نصف صدی کے مقابلے میں سب سے کم رکھ کر ایک متوازن بجٹ کی طرف لوٹے گی۔
- **روزگار اور ترقی کو فروغ دینے کے لیے** کینیڈا میں مسابقت کی فضا پیدا کر کے روزگار کے مواقع فراہم کرنے والے کاروباروں کو پنپنے کا موقع دے گا؛ بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کی حکومت کی پرانی پالیسی کو آگے بڑھاتے ہوئے نئی اور جدت طرازی کی حامل سرمایہ کاری کرے گا؛ اور آجروں کی روز افزوں ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تربیت یافتہ افرادی قوت تشکیل دے گا
- **گھرانوں اور کمیونیٹیز کو خوشحال بنانے کے لیے** تمام لوگوں کے لیے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ محنت کش خاندانوں اور افراد کو ٹیکس میں مسلسل چھوٹ فراہم کرے گا
- **کینیڈا کے شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے** کینیڈا کی مسلح افواج کے لیے سرمایہ فراہم کر کے کینیڈا کے شہریوں کو ملک کے اندر اور باہر دہشت گردی سے تحفظ فراہم کرے گا۔

**بجٹ کو متوازن بنانا:**

- خسارہ عظیم کساد بازاری (گریٹ ریسشن) کا عروج پر 55.6 ارب ڈالر سے کم ہو کر 2015-16 میں 1.4 ارب کے متوقع فاضل بجٹ تک آ گیا ہے۔
- ہارپر حکومت نے عظیم کساد بازاری سے پہلے ۳۷ ارب ڈالر کے قرضے واپس کیے، اسی وجہ سے قرض کا بوجھ G-7 ملکوں میں سب سے کم ہے اور وہ G-20 میں کم سے کم میں آتا ہے۔
- ہارپر حکومت کی روزگار کے مواقع فراہم کرنے والی اور کینیڈا کے شہریوں کو ان کا پیسہ واپس کرنے کی ذمہدارانہ معاشی پالیسی کو قانون کی چھتری فراہم کرنے کے لیے متوازن بجٹ کے لیے قانون سازی کی جائے گی۔
- ایک متوازن بجٹ سے ہارپر حکومت کو کینیڈین گھرانوں اور افراد کے لیے ٹیکس میں مزید کمی کرنے میں مدد ملے گی۔

**روزگار اور ترقی کے مواقع فراہم کرنا:**

- ۲۰۱۹ تک چھوٹے کاروباروں کے لیے ٹیکس کی شرح کو ۹ فیصد تک لے آنا۔ ۲۰۱۹ اور ۲۰۲۰ کے درمیان تقریباً 2.7 ارب ڈالر روزگار کے مواقع فراہم کرنے والے چھوٹے کاروبار اور ان کے مالکان تک واپس پہنچانا
- پیداواری صلاحیت کو بڑھانے کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے صنعت کاروں کے لیے ایکسلریٹڈ کیپیٹل کاسٹ الاؤنس فراہم کرنا اور مشینری اور سازوسامان میں سرمایہ کاری کو فروغ دینا۔
- فارمز اور ماہی گیری کے کاروبار کے مالکان کے لیے لائف ٹائم کیپیٹل گینز اگزمپشن کو دس لاکھ ڈالر تک بڑھانا۔
- کینیڈا سمال بزنس فائنینسنگ پروگرام کے ذریعے کینیڈا کے چھوٹے کاروباری کی قرض حاصل کرنے تک رسائی کو بہتر بنانا۔
- چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کی مدد کے لیے بزنس ڈویلپمنٹ بنک آف کینیڈا اور ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ کینیڈا کی وساطت سے فراہم کی گئی سروسز کا دائرہ وسیع کرنا۔
- نوجوان سرمایہ کاروں کی مدد کے لیے فیوچرپرنور کینیڈا (Futurpreneur Canada) کو دو سال کے عرصے میں ایک کروڑ چالیس لاکھ ڈالر فراہم کرنا۔
- خواتین کاروبار مالکان کی مدد کے لیے ایکشن پلان فار ویمن آنٹرپرنورز کی حوصلہ افزائی کرنا۔
- وینچر کیپیٹل ایکشن پلان کے ذریعے ترقی کرنے اور روزگار مہیا کرنے میں جدت طراز کمپنیوں کی مدد کرنا
- مختص کردہ ریڈ سیل کاروباروں میں اپرنٹس شپ کی تربیت شپ اور سرٹیفیکیشن کی شرائط میں ہم آہنگی پیدا کرنے کو آسان بنانے میں صوبوں اور ٹیریٹریز کی مدد کرنا۔
- حکومت کی سائینس، ٹیکنالوجی اور جدت طرازی کی تجدید شدہ حکمت عملی کو فروغ دینے کے لیے پانچ سال کے عرصے میں 1.5 ارب ڈالر سے زیادہ مہیا کر کے عالمی میعار کی تحقیق اور ترقی میں سرمایہ کاری کرنا۔
- نیو بلڈنگ کینیڈا پلان کے تحت صوبائی، بلدیاتی سطح پر بنیادی ڈھانچے کے لیے ہر سال اوسطاً 5.35 ارب ڈالر مہیا کرنے کی پالیسی کو جاری رکھنا۔
- بڑے شہروں میں ٹریفک کی بھیڑ اور ٹریفک جام کو کم کرنے کے لیے سرکاری ذرائع آمدورفت کے بنیادی ڈھانچے کو بنانے کے لیے ایک نئے پبلک ٹرانزٹ فنڈ میں 2017 سے ۲۰۱۸ تک دو سالوں کے دوران ۷۵ کروڑ ڈالر اور اس کے بعد ہر سال ایک ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرنا۔

**خاندانوں اور کمیونٹیز کو خوشحال بنانا:**

- ۲۰۱۵ سے شروع کر کے اور آنے والے سالوں کے دوران بلا ٹیکس سیونگز اکاؤنٹ کی سالانہ کنٹری بیوشن کی حد کو 10,000 ڈالر تک بڑھانا۔
- رجسٹرڈ ریٹائرمنٹ انکم فنڈز کے لیے منیمم ودڈرال فیکٹرز (minimum withdrawal factors) کو کم کر کے عمر رسیدہ افراد کے لیے ان کی ریٹائرمنٹ کے لیے کی گئی بچت کے زیادہ حصے کو ریٹائرمنٹ کے بعد کی آمدنی کے لیے محفوظ کرنا۔
- ہوم ایکیسسیبلٹی ٹیکس کریڈٹ کا اجرا کر کے مکانوں کی مرمت میں عمر رسیدہ اور معذور افراد کی مدد کرنا تاکہ ان کے گھروں مزید محفوظ بنایا جا سکے تاکہ وہ بغیر کسی سہارے کے اپنے گھروں میں آزادی کے ساتھ رہ سکیں۔
- لو اینڈ مڈل انکم سٹونٹ گرانٹس کی اہلیت کا دائرہ وسیع کر کے سیکنڈری سکول کے بعد کی تعلیم تک رسائی کو فروغ دینا۔

- نیڈز اسیسمنٹ پراسس کے تحت والدین کی طرف سے متوقع کنٹری بیوشن کو کم کر کے کینیڈا سٹوڈنٹ لون پروگرام کو خاندانوں کے لیے آسان بنانا
- ہماری کمیونیٹیز کے سب سے غیر محفوظ طبقے کی مدد کے لیے 2016-17 سے شروع کر کےچار سال کے عرصے میں ۱۵ کروڑ ڈالر فراہم کر کے سوشل ہاؤسنگ مہیا کرنے والوں کو ان کے طویل مدتی مورگیجز بغیر جرمانے کے ادا کرنے کا موقع دے کر کینیڈا می سوشل ہاؤسنگ کی حوصلہ افزائی کرنا۔
- کم بصارت والے لوگوں کے لیے طبع شدہ مواد تک رسائی کو بہتر بنانا۔
- کینیڈین سیل کے پراڈکٹس کے لیے نئی محفوظ منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے کے لیے پانچ سال کے عرصے میں ۵۷ لاکھ ڈالر فراہم کرنا۔
- سابق فوجیوں اور ان کے خاندانوں کو ملنے والی مدد کو یقینی بنانے کے لیے: درمیانہ سے شدید درجے کے معذور فوجیوں کے لیے ایک نیا ریٹائرمنٹ انکم سیکیورٹی بینیفٹ فراہم کرنا؛ معذور فوجیوں کے لیے پرماننٹ امپیئرمنٹ الاؤنس تک رسائی کا دائرہ وسیع کرنا؛ ریزرو فورس کے معذور جزوقتی ملازمین کے لیے ارننگ لاس بینیفٹ کا دائرہ وسیع کرنا؛ بیماروں کی نگہداشت کرنے والوں (کیئر گورز) کی خدمات کا احساس کرتے ہوئے ایک نئے بلا ٹیکس فیملی کیئر گور ریلیف بینیفٹ کو اجرا؛ اور ان فوجیوں کے لیے انفرادی مدد کی سطح کو بڑھانا۔
- شدید بیمار اور قریب المرگ رشتہ داروں کی نگہداشت کرنے والے کیینیڈین شہریوں کو زیادہ سہولت فراہم کرنے کے لیے ایمپلائمنٹ انشورنس کمپیشنیٹ کیئر بینیفٹس کو چھ ہفتے سے بڑھا کر چھ مہینے تک کے لیے کرنا

**کینیڈا کے شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانا:**

- کینیڈا کی مسلح افواج کو دس سال کے عرصے میں ۱۲ ارب ڈالر کے قریب رقم فراہم کر کے قومی دفاعی سرمایہ کاری کو بڑھانا تاکہ اس چیز کو یقینی بنایا جائے کہ کینیڈا میں لڑائی کے قابل ایسی فوج موجود ہے جو کہ ملک کے اندر اور باہر اس کی حفاظت کر سکتی ہے۔
- ISIS کا مقابلہ کرنے کے لیے 2015-16 میں قومی دفاع کو ٣٦ کروڑ ڈالر تک فراہم کینیڈا کی مسلح افواج کی تعینیاتی میں سہولت فراہم کرنا۔
- رائل کینیڈین ماؤنٹڈ پولیس، کینیڈین سیکیورٹی انٹیلیجنس سروس اور کینیڈا بارڈر سروس ایجنسی کو مزید وسائل فراہم کر کے دہشت گردی کا مقابلہ کرنا
- دیگر ملکوں کے متعلق معلومات حاصل کرنے کی کینیڈا کی اہلیت کو بڑھانا۔
- اپنی سرحدوں کی سالمیت کی حفاظت کرنا اور ویزہ کی شرط والے چند ممالک سے کم خطرے والے مسافروں کے جائز سفر میں آسانی فراہم کرنا۔

**مختصر حقائق**

- ہارپر حکومت کی ٹیکس میں کمی اور سہولیات میں اضافے کی وجہ سے چار لوگوں کے دو کمانے والوں والے ایک اوسط کینیڈین گھرانے کو ٹیکس میں چھوٹ اور سہولیات کی مدد میں 6,600 ڈالر کا فائدہ ہو گا۔
- اقتدار میں آنے کے بعد اس حکومت نے ہر سال ٹیکس میں کمی کی ہے۔ درحقیقت اس وقت وفاقی ٹیکس کا بوجھ پچھلے ۵۰ سے زیادہ سالوں کے دوران سب سے کم ہے۔
- جون ۲۰۰۹ میں کساد بازاری ختم ہونے کے بعد کے مقابلے میں اس وقت ۱۲ لاکھ سے زیادہ مزید کینیڈین برسرروزگار ہیں۔ ان نئے روزگاروں کا زیادہ حصہ کل وقتی زیادہ آمدنی والے نجی شعبے کی صنعتیں ہیں۔
- کساد بازاری کے بعد میں G-7 ملکوں میں سے کینیڈا نے سب سے بہتر معاشی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔
- حقیقی جی ڈی پی (گراس ڈومیسٹک پراڈکٹ) کساد بازاری سے پہلے کی سطح سے واضح طور پر زیادہ ہے یعنی G-7 میں سے سب سے بہتر کارکردگی۔

- ورلڈ اکنامک فورم نے گلوبل کمپیٹٹونیس رپورٹ میں کینیڈا کے بینکنگ کے نظام کو مسلسل ساتویں سال بھی دنیا میں سب سے زیادہ مستحکم قرار دیا ہے۔
- KPMG کے مطابق کینیڈا میں کاروباری ٹیکس کی کل رقم G-7 کے ملکوں میں سب سے کم اور یونائیٹڈ سٹیٹس سے ۳٦ فیصد کم ہے۔
- بلوم برگ کی درجہ بندی کے مطابق کینیڈا کاروباری کرنے کے لیے دوسری پرکشش جگہ ہے
- چار کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیز یعنی موڈیز انویسٹرز سروس، فچ ریٹنگز، سٹینڈرڈ اینڈ پؤرز اور DBRS نے کینیڈا کی سب سے اونچی درجہ بندی کی توثیق کی ہے یہ توقع کی جا رہی کہ کینیڈا آنے والے سال میں بھی اپنی AAA ریٹنگ کو برقرار رکھے گا۔

**وزیر خزانہ کی تقریر**

"اکنامک ایکشن پلان ۲۰۱۵ سے روزگار، ترگی اور طویل مدتی خوشحالی آئے گی۔ ہمارے وعدے کے مطابق یہ ایک متوازن بجٹ ہے اور اس میں محنت کرنے والے افراد اور گھرانوں کے لیے ٹیکس کو کم کیا گیا ہے یہ ایک دانشمندانہ اور اصولوں پر مبنی منصوبہ ہے جس سے کینیڈا کے شہری مزید خوشحال، مزید محفوظ اور دنیا میں ہمارے ملک کی حیثیت کے بارے میں مزید پر اعتماد ہو جائیں گے۔ کینیڈا کے شہریوں کو اس بات پر یقین رکھنا چاہیے کہ وزیر اعظم سٹیون ہارپر کے تحت کینیڈا معاشی طور پر محفوظ ہے۔

*جو آلیور وزیر خزانہ*

**متعلقہ لنک**

- http://www.canada.ca/budget2015

**رابطے:**


ملیسا لینٹسمین
ڈائیرکٹر آف کمیونیکیشنز
آفس آف دی منسٹر آف فائینینس
613-369-5696

سٹیفنی روبک
میڈیا ریلیشنز
ڈیپارٹمنٹ آف فائینینس
613-369-4000


*تمام نئی ریلیز کی نوٹیفیکیشن بذریعہ ای میں موصول کرنے کے لیے براہ مہربانی* www.fin.gc.ca/scripts/register-eng.asp. *پر اپنی رجسٹریشن کروائیں۔*